مبنی ہونے کی وجہ: اسلئے کہ اس کا حروف کے ساتھ مشابہت ہے۔ احتیاج میں۔ جیسی طرح حروف معنی دینے میں دوسرے کلمے کو محتاج ہوتے ہیں۔ اس طرح یہ اسمائے اصوات کلمے عند یا صدائت کو محتاج ہوتے ہیں۔

چھٹا قسم اسمائے ظروف: اسماء اسم کا جمع ہے۔ ظروف ظرف کا جمع ہے۔ ظرف کا لغوی معنی ہے۔ برتن
اسم ظرف کی تعریف: یہ وہ اسم غیر متمکن ہے۔ جو دلالت کرتا ہے۔ فعل کی جگہ پر یا فعل کی وقت پر۔
جب ہم نے یہ پڑھ لیا۔ تو ہمیں یہ معلوم ہو گیا۔ کہ اسم ظرف کے دو قسم پر ہیں۔ (۱) ظرف زمان (۲) ظرف مکان

ظرف زمان کی تعریف: یہ وہ اسم غیر متمکن ہے۔ جو دلالت کرتا ہے فعل کے وقت پر۔
ظرف مکان کی تعریف: یہ وہ اسم غیر متمکن ہے۔ جو دلالت کرتا ہے فعل کی جگہ پر۔
ظرف زمان یہ ہے۔ إِذْ بمعنی جب ہے۔ یہ آتا ہے۔ فعل ماضی کیلئے۔ اگرچہ داخل فعل مضارع پر کیوں نہ ہو۔
وجہ مبنی یہ اسلئے مبنی ہے کہ یہ وضع میں حروف کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے۔
إِذَا بمعنی جب ہے۔ یہ آتا ہے فعل مضارع کیلئے۔ اگرچہ داخل فعل ماضی پر کیوں نہ ہو۔
وجہ مبنی: یہ اسلئے مبنی ہے کہ یہ حرف شرط کیلئے متضمن ہے۔
مَتٰی دو قسم پر ہیں۔ ۱۔ متی شرطیہ ۲۔ متی استفہامیہ۔
متی شرطیہ بمعنی جب ہے۔ یہ داخل ہوتا ہے۔ دو جملوں پر اور دونوں جملوں کو جزم دیتا ہے۔ پہلے جملے کو شرط اور دوسرے جملے کو جزاء کہتے ہیں۔
مثال: مَتٰی تُسَافِرْ اُسَافِرْ۔
متی وجہ مبنی یہ اسلئے مبنی ہے کہ یہ حرف شرط کیلئے متضمن ہے۔
متی استفہامیہ بمعنی کب ہے۔ یہ داخل ہوتا ہے۔ ایک جملے پر۔
وجہ مبنی۔ مثال مَتٰی تُسَافِرُ۔
یہ اسلئے مبنی ہے کہ یہ حرف استفہام کیلئے متضمن ہے۔

کَیْفَ: بمعنی کیسے یا کس طرح ہے. یہ آتا ہے حال احوال پوچھنے کیلئے
وجہ مبنی یہ اسلئے مبنی ہے کہ یہ حرف استفہام کیلئے متضمن ہے.
اَیَّانَ: بمعنی کب ہے.
وجہ مبنی یہ اسلئے مبنی ہے کہ یہ حرف استفہام کیلئے متضمن ہے.

مَتٰی بمعنی کب سے ہے. اور اَیَّانَ بھی بمعنی کب سے ہے
تو ان دونوں میں کیا فرق ہے. فرق ان دونوں کے درمیان
میں یہ ہے کہ اَیَّانَ عظیم امُور کے بارے میں پوچھنے
کیلئے استعمال ہوتا ہے. اور مَتٰی عام طور پر استعمال ہوتا ہے.

اَمْسِ: بمعنی کل گذشتہ سے ہے.
وجہ مبنی یہ اسلئے مبنی ہے کہ یہ ماضی کے ساتھ معنی میں مشابہت
رکھتا ہے.
مُذْ مُنْذُ: بمعنی فعل کے ابتدائی وقت کو معلوم کرنے
کیلئے آتا ہے
وجہ مبنی مُذْ اسلئے مبنی ہے کہ یہ وضع میں حروف کے ساتھ
مشابہت رکھتا ہے اور مُنْذُ کو مُذْ پر حمل کیا.
قِسْمِ مُتَوَسِّطْ: بمعنی ہرگز سے ہے.
قَطُّ: زمانہ ماضی میں فعل نہ کرنے کے احاطے کیلئے آتا ہے.
مثال. مَا رَأَیْتُهُ قَطُّ.

عوضُ زمانہ مستقبال میں مثل ہوتے کہ احاطے
کیلئے آتا ہے۔ مثال لن اضربک عوضُ

قطّ کیوں مبنی ہے

وجہ مبنی یہ اسلئے مبنی ہے کہ اس میں ایک اور لغت ہے
قطُّ جس کا حروف کے ساتھ وضع میں مشابہت ہے۔
اور قطّ کو قطُّ پر حمل کیا۔
عوضُ کا مشابہت ہے۔ معنی کے اعتبار سے قطّ کے
کے ساتھ۔ قطُّ مبنی ہے۔ اسی وجہ سے یہ مبنی بن گیا۔

قبلُ لکھدُ کیلئے احوال ثلاثہ یعنی تین حالتیں ہیں۔
دو حالتوں میں معرب ہے۔ اور ایک حالت میں مبنی ہے
اگر اس کا مضاف الیہ ذکر ہو۔ تو اس حالت میں معرب ہے
اور اگر اس کا مضاف الیہ ذکر نہ ہو۔ تو پھر دو قسم پر ہیں۔
یا نسیًا منسیًا حذف ہوگا۔ اگر نسیًا منسیًا حذف ہو گیا تھا
تو اس حالت میں پھر معرب ہے۔
اور اگر مضاف الیہ حذف منوی ہو۔ تو اس حالت میں مبنی ہے
وجہ مبنی یہ اسلئے مبنی ہے کہ یہ حروف کے ساتھ مشابہت
رکھتا ہے۔ احتیاج میں جس طرح حروف معنی دینے میں
دوسرے کلمے کے ضم کو محتاج ہوتا ہے۔ اسی طرح قبلُ لکھدُ
محتاج ہوتا ہے۔ مضاف الیہ کو۔

ظرف مکانی یہ ہیں۔ حیثُ بمعنی جگہ کے ساتھ

قُدّامُ بمعنی آگے تحتُ بمعنی نیچے فوقُ بمعنی اوپر
اور ان کیلئے بھی احوال ثلاثہ ہیں۔ ایک حالت میں مبنی
اور باقی دو حالتوں میں معرب ہے۔

اگر اس کا مضاف الیہ ذکر ہو۔ تو اس حالت میں معرب ہے۔
اور اگر اس کا مضاف الیہ ذکر نہ ہو۔ تو پھر دو قسم پر ہیں۔
یا نسیاً منسیاً حذف ہوگا۔ اگر نسیاً منسیاً حذف ہو گیا تھا
تو اس حالت میں بھی معرب ہے۔

اور اگر مضاف الیہ حذف منوی ہو۔ تو اس حالت میں مبنی ہے۔
یہ اسلئے مبنی ہے۔ کہ یہ حروف کے ساتھ مشابہت
رکھتا ہے۔ احتیاج میں۔ جس طرح حروف معنی دینے میں
دوسرے کلمے کے ضم کو محتاج ہوتا ہے۔ اسی طرح
حیثُ، قدّامُ، تحتُ، فوقُ محتاج ہوتا ہے۔ مضاف الیہ کو

وجہ حصر۔ حیثُ قدّامُ تحتُ فوقُ

- مضاف الیہ مذکور ہوگا — معرب
- مضاف الیہ حذف ہوگا۔
  - مضاف الیہ حذف نسیاً منسیاً ہوگا۔ — معرب
  - مضاف الیہ حذف منوی ہوگا — مبنی

ساتواں قسم اسمائے کنایات

اسماء اسماء غیر متمکن کی چھٹی قسم کنایات کنایہ کی جمع ہے۔

اسم کنایہ کی تعریف:
یہ وہ اسم غیر متمکن ہے جو دلالت کرتا ہو
عدد مبہم پر یا قول مبہم پر۔
پس یہ دو قسم پر ہیں۔
(۱) کنایہ از عدد (۲) کنایہ از قول یا حدیث

(۱) کنایہ از عدد کی تعریف: یہ وہ اسم غیر متمکن ہے جو
جو دلالت کرتا ہو عدد مبہم پر۔
کنایہ از عدد کیلئے دو لفظ استعمال ہوتے ہیں۔
۱ کَمْ ۲ کَذَا
پھر کَمْ دو قسم پر ہیں۔
۱ کَمْ استفہامی ۲ کَمْ خبری۔

۱ کَمْ استفہامی کی تعریف: یہ وہ اسم غیر متمکن ہے
جسکے ذریعے سوال کیا جاتا ہو عدد مبہم کے بارے میں
جیسے کَمْ رَجُلًا عِنْدَکَ
کَمْ استفہامی کے بعد ہمیشہ مفرد منصوب آتا ہے۔

کم خبری کی تعریف: یہ وہ اسم غیر متمکن ہے جسکے ذریعے خبر دیا جاتا ہو۔ عدد مبھم سے۔
جیسے کَمْ مَالٍ اَنْفَقْتُہٗ یا کَمْ رِجَالٍ لَقِیْتُھُمْ۔
کم خبری کے بعد کبھی مفرد مجرور آتا ہے اور کبھی جمع مجرور آتا ہے

کم کیوں مبنی ہے؟
مبنی ہونے کی وجہ: کم اسم استفہامی اسلئے مبنی ہے کہ یہ حرف استفہام کیلئے متضمن ہے۔
اور کم خبری کو کم استفہامی پر حمل کیا۔

کَذَا کی تعریف: کَذَا ہمیشہ خبری ہوتا ہے یعنی یہ وہ اسم غیر متمکن ہے جسکے ذریعے خبر دیا جاتا ہو۔ عدد مبھم سے۔ جیسے عِنْدِیْ کَذَا رَجُلً۔
کَذَا کے بعد ہمیشہ مفرد منصوب آتا ہے۔
کَذَا کیوں مبنی ہے؟
مبنی ہونے کی وجہ: یہ اسلئے مبنی ہے کہ یہ مرکب ہے کَ اور ذَا سے۔ اور حروف تو مبنی ہے
اسلئے یہ بھی مبنی بن گیا۔

۹۔ کنایہ از حدیث کی تعریف ہے یہ وہ اسم غیر متمکن ہے جو دلالت کرتا ہو قول مبہم پر۔
کنایہ از حدیث کیلئے دو لفظ استعمال ہوتے ہیں۔
اور یہ دونوں لفظ تکرار کے ساتھ استعمال ہوتے ہے۔
جیسے۔ قَالَ فُلَانٌ كَيْتَ وَكَيْتَ
یا قَالَ فُلَانٌ ذَيْتَ وَذَيْتَ

یہ کیوں مبنی ہے؟
مبنی ہونے کی وجہ یہ ہے یہ اسلئے مبنی ہے کہ یہ جملہ کا قائم مقام ہے۔ اور جملہ تو مبنی ہوتا ہے لہذا اسی وجہ سے یہ بھی مبنی بن گیا۔

آٹھواں قسم مرکب بنائی ہے حضرت صاحب چونکہ اس کا تفصیل پہلے گزر چکا ہے۔

فصل

بدانکہ (سمجھو کہ)

اسم عموم و خصوص کے اعتبار سے دو قسم پر ہیں

۱ معرفہ ۲ نکرہ

معرفہ کی تعریف: معرفہ وہ ہے جو معین چیز کیلئے وضع کیا گیا ہو۔ پس یہ سات قسم پر ہیں۔

پہلا مضمرات۔ دوسرا اعلام۔ اعلام جمع ہے عَلَم کا۔ عَلَم وہ ہے جو دلالت کرتا ہو معنی پر بغیر قرینہ کے۔ مثال: زَیْدٌ وَعَمْرٌو۔ تیسرا اسمائے اشارات۔

چوتھا اسمائے موصولہ۔ اور ان دو قسموں کو مبہمات بھی کہتے ہیں

ان دو قسموں کو مبہمات کیوں کہتے ہیں۔

اسلئے کہ اسمائے اشارات اور اسمائے موصولہ میں اُس وقت تک مخاطب پر بات چھپی یعنی (مخفی) ہوتی ہے۔ جہاں تک اسمائے اشارات کے ساتھ مشارٌ الیہ ذکر نہ ہو۔ اور اسمائے موصولہ کے ساتھ صلہ ذکر نہ ہو۔

پانچواں قسم معرفہ بہ ندا۔ مثال: یَا رَجُلُ۔

یعنی حرف ندا سے ایک حرف داخل ہو۔

چھٹا قسم معرفہ بالف ولام۔ مثال: الرَّجُلُ۔

یعنی جس پر الف لام تعریفی داخل ہو۔

ساتواں قسم۔ جس میں سے کسی ایک کی طرف اضافت کیا گیا ہو۔ معرفہ بہ نداء کے علاوہ۔

مثال غُلَامُہٗ۔ اس میں مضمرات کی طرف اضافت کی گئی ہے۔
غُلَامُ زَیْدٍ۔ اس میں اعلام کی طرف اضافت کی گئی ہے۔
غُلَامُ ھٰذَا۔ اس میں اسم اشارات کی طرف اضافت کی گئی ہے
غُلَامُ اَلَّذِیْ عِنْدِیْ۔ اس میں اسم موصول کی طرف اضافت کی گئی ہے۔
غُلَامُ الرَّجُلِ۔ اس میں معرفہ بالف لام کی طرف اضافت کی گئی ہے۔

نکرہ کی تعریف۔ نکرہ وہ ہے۔ جو غیر معین چیز کیلئے وضع کیا گیا ہو۔ مثال۔ رَجُلٌ۔ فَرَسٌ
پھر نکرہ دو قسم پر ہیں۔ ۱۔ نکرہ محضہ ۲۔ نکرہ مخصصہ

۱۔ نکرہ محضہ کی تعریف۔ نکرہ محضہ وہ اسم ہے۔ جس میں کسی قسم کی تخصیص نہ کی گئی ہو۔ مثال۔ رَجُلٌ
۲۔ نکرہ مخصصہ کی تعریف۔ نکرہ مخصصہ وہ اسم ہے جس میں کسی قسم کی تخصیص کی گئی ہو۔

اور تخصیص کے مختلف طریقے ہیں
جس میں دو ذکر کئے جاتے ہیں۔
پہلا طریقہ۔ نکرہ کیلئے صفت لایا جائے جیسے رَجُلٌ عَالِمٌ
دوسرا طریقہ۔ نکرہ کا اضافت نکرہ کو کیا جائے۔
جیسے۔ غُلَامُ رَجُلٍ۔

سمعو کے اسم جنس کے اعتبار سے دو قسم پر ہیں۔
۱۔ مذکر ۲۔ مؤنث
۱۔ مذکر کی تعریف۔ مذکر وہ ہے جس میں علامت تانیث
موجود نہ ہو۔ مثال رَجُلٌ
۲۔ مؤنث کی تعریف۔ مؤنث وہ ہے جس میں علامت
تانیث موجود ہو۔ مثال۔ امْرَاَةٌ
علامت تانیث چار ہیں۔
تاء مثال طَلْحَةٌ الف مقصورہ مثال۔ حُبْلٰی
الف ممدودہ مثال حَمْرَاءُ تائی مقدرہ مثال۔ اَرْضٌ

دلیل کے ساتھ کیونکہ تصغیر اسماء کو اصل
جگہ تک لاتی ہے۔ یعنی اپنی اصل کو
لوٹا کرتی ہے۔ اور اس کو مؤنث
سماعی کہتے ہیں۔

دراصل   سمجھو گے

مؤنث دو قسم پر ہیں۔ ۱ مؤنث حقیقی ۲ مؤنث لفظی

مؤنث حقیقی کی تعریف: مؤنث حقیقی وہ ہے جس کے
مقابلے میں حیوان مذکر ذکر ہو۔
جیسے اِمْرَأَةٌ جس کے مقابلے میں رَجُلٌ
اور نَاقَةٌ جس کے مقابلے میں جَمَلٌ یعنی حیوان مذکر ہے
ایسا مذکر جس کے ساتھ توالد و تناسل کیا جا سکے۔

مؤنث لفظی کی تعریف: مؤنث لفظی وہ ہے جس کے مقابلے
میں حیوان مذکر ذکر نہ ہو۔ جیسے ظُلْمَةٌ قُوَّةٌ
یعنی ظُلْمَةٌ کے مقابلے میں (نُوْرٌ) مذکر ہے مگر حیوان
مذکر نہیں ہے۔ اور قُوَّةٌ کے مقابلے (ضُعْفٌ) مذکر ہے
مگر حیوان مذکر نہیں ہے۔

سمجھو گے اسم عدد کے اعتبار سے تین قسم پر ہیں۔
۱ واحد ۲ تثنیہ ۳ جمع
۱ واحد کی تعریف: واحد وہ ہے جو دلالت کرے
ایک پر۔ جیسے رَجُلٌ

مثنی یعنی تثنیہ کی تعریف: تثنیہ وہ ہے جو دلالت کرے دو پر اس وجہ سے کہ الف یا یاء ماقبل مفتوح اور نون مکسور اس کے آخر میں آیا ہو۔

جیسے رَجُلَانِ، رَجُلَیْنِ

پھر تثنیہ دو قسم پر ہے ۱۔ تثنیہ حقیقی ۲۔ ملحق بالتثنیہ۔

تثنیہ حقیقی کی تعریف: یہ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔ اور اس کیلئے مفرد میں لفظ ہو۔ جیسے رَجُلَانِ

ملحق بالتثنیہ کی تعریف: یہ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے اور اس کیلئے مفرد میں لفظ نہ ہو۔ جیسے اِثْنَانِ

مجموع یعنی جمع کی تعریف: جمع وہ ہے جو دلالت کرے دو سے زائد پر اس وجہ سے کہ اس کے واحد میں تغیر یعنی تبدیل کیا گیا ہو۔ تغیر یا لفظاً کیا گیا ہو یا تقدیراً۔

لفظاً کی مثال: جیسے رِجَالٌ جس کا واحد رَجُلٌ ہے۔

تقدیراً کی مثال: جیسے فُلْکٌ جس کا واحد بھی فُلْکٌ ہے قُفْلٌ کے وزن پر اور اس کا جمع بھی فُلْکٌ ہے اُسْدٌ کے وزن پر۔

پھر جمع دو قسم پر ہیں ۱۔ جمع حقیقی ۲۔ ملحق بالجمع۔

جمع حقیقی کی تعریف: یہ وہ اسم ہے جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے۔ اور اس کیلئے مفرد میں لفظ ہو جیسے رِجَالٌ

ملحق بالجمع کی تعریف :۔ یہ وہ اسم ہے۔ جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے۔ اور اس کیلئے مفرد میں لفظ نہ ہو۔ جیسے [illegible] اُوْلُوْ

اور آپ سمجھو کہ جمع لفظ کے اعتبار سے دو قسم پر ہیں۔
ا۔ جمع تکسیر ۲۔ جمع تصحیح

۱۔ جمع تکسیر کی تعریف۔ جمع تکسیر وہ ہے۔ جس میں واحد کی بناء سلامت نہ ہو۔ یعنی ٹوٹی گئی ہو۔ جیسے رِجَالٌ وَمَسَاجِدُ۔
اور جمع تکسیر کی بناء ثلاثی میں سماع کے ساتھ تعلق رکھتا ہے
یعنی جس طرح عرب کے لوگوں سے ہم نے سُنا ہے ہو۔
اور اُس کیلئے قیاس کی کوئی حاجت نہیں
اور رباعی اور خماسی کے جمع تکسیر فَعَالِلُ کے وزن پر آتا ہے
جیسے جَعْفَرٌ سے جَعَافِرُ وَ جَحْمَرِشٌ سے جَحَامِرُ
یعنی پانچویں حرف کے حذف ہونے کے ساتھ۔

۲۔ جمع تصحیح کی تعریف :۔ جمع تصحیح وہ ہے۔ جس میں واحد کی بناء سلامت ہو۔ یعنی ٹوٹی گئی نہ ہو۔ اور یہ دو قسم پر ہے
ا۔ جمع مذکر ۲۔ جمع مؤنث

۱۔ جمع مذکر کی تعریف :۔ جمع مذکر وہ ہے۔ جو واو ماقبل مضموم یا یاء ماقبل مکسور ہو۔ اور نون مفتوح اُس کے آخر میں آیا ہو۔ جیسے مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمِیْنَ

جمع مؤنث کی تعریف: جمع مؤنث وہ ہے۔ جس کے آخر میں الف تاء کے ساتھ آیا ہو۔ جیسے مُسْلِمَاتٌ

سمجھو کہ جمع معنی کے اعتبار سے دو قسم پر ہیں۔

۱۔ جمع قلت ۲۔ جمع کثرت ہے

جمع قلت کی تعریف: جمع قلت وہ ہے۔ جو تین سے لے کر نو تک دلالت کرے۔ اور اس کے چار اوزان ہیں۔

جیسے: اَفْعُلٌ مثلاً اَفْلُسٌ، اَفْعَالٌ مثلاً اَقْوَالٌ

اَفْعِلَةٌ مثلاً اَشْوِنَةٌ، فِعْلَةٌ مثلاً غِلْمَةٌ

اور دو جمع سالم جو الف لام کے بغیر ہو۔

یعنی مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمَاتٌ۔

جمع کثرت کی تعریف: جمع کثرت وہ ہے۔ جو دس یا دس سے زیادہ پر دلالت کرے۔ اور اس کے اوزان وہ ہیں جو اس چھ اوزان کے علاوہ ہوں۔

فصل

سمجھو کہ

دراصل

رسم کے اعراب تین ہوتے ہے (۱) رفع (۲) نصب (۳) جر

اعراب کی تعریف: اعراب یہ اُس حرف یا حرکت کو کہتے ہیں۔
جو حالت رفع و نصب و جر کا نشانہ بن جاتا ہے

اعراب بالحرکت کی مثال:

جَاءَ زَيْدٌ وَرَأَيْتُ زَيْدًا وَمَرَرْتُ بِزَيْدٍ

اعراب بالحروف کی مثال:

جَاءَ أَبُوكَ وَرَأَيْتُ أَبَاكَ وَمَرَرْتُ بِأَبِيكَ

اعراب معرب کے بھی ہوتے ہے اور مبنی کے بھی
معرب کے اعراب کو رفع نصب جر جزم کہتے ہے۔
اور مبنی کے اعراب کو ضمہ فتحہ کسرہ وقف کہتے ہے۔

اعراب دو قسم پر ہیں:

(۱) اعراب بالحرکت (۲) اعراب بالحروف

(۱) اعراب بالحرکت پھر دو قسم پر ہے (۱) لفظی (۲) تقدیری
اور اعراب بالحروف بھی دو قسم پر ہے (۱) لفظی (۲) تقدیری
پھر ہر واحد دو دو قسم پر ہے یعنی حقیقی و حکمی

وجہ حصر



ابھی معلوم ہو گیا کہ اعراب آٹھ قسم پر ہیں۔

مندرجہ ذیل آٹھ اقسام یہ ہیں۔

1. اعراب بالحرکت لفظی حقیقی۔
2. اعراب بالحرکت لفظی حکمی۔
3. اعراب بالحروف لفظی حقیقی۔
4. اعراب بالحروف لفظی حکمی۔
5. اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی۔
6. اعراب بالحرکت تقدیری حکمی۔
7. اعراب بالحروف تقدیری حقیقی۔
8. اعراب بالحروف تقدیری حکمی۔

نمبر 1: اعراب بالحرکت لفظی حقیقی کی تعریف:

یہ وہ اعراب ہے جو احوال ثلاثہ میں حرکات ثلاثہ کے ساتھ ہو

جیسے: جَاءَ زَیْدٌ، وَرَأَیْتُ زَیْدًا، وَمَرَرْتُ بِزَیْدٍ

2: اعراب بالحرکت لفظی حکمی کی تعریف:

یہ وہ اعراب ہے جس کے احوال ثلاثہ حرکتیں کے ساتھ ہو

یعنی جس میں ایک حالت دوسرے حالت کے تابع ہو۔

جیسے: جَاءَ أَحْمَدُ، وَرَأَیْتُ أَحْمَدَ، وَمَرَرْتُ بِأَحْمَدَ۔

۳۔ اعراب بالحروف لفظی حقیقی کی تعریف۔
یہ وہ اعراب ہے جسکے احوال ثلاثہ حروف ثلاثہ کے ساتھ ہو۔
جیسے: جَاءَ اَبُوْكَ، وَرَأَيْتُ اَبَاكَ، وَمَرَرْتُ بِاَبِيْكَ۔

۴۔ اعراب بالحروف لفظی حکمی کی تعریف:
یہ وہ اعراب ہے جسکے احوال ثلاثہ حرفین کے ساتھ ہو
یعنی جس میں ایک حالت دوسرے حالت کے تابع ہو۔
جیسے: جَاءَ مُسْلِمُوْنَ، وَرَأَيْتُ مُسْلِمِيْنَ، وَمَرَرْتُ بِمُسْلِمِيْنَ

۵۔ اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی کی تعریف۔
یہ وہ اعراب ہے جسکے احوال ثلاثہ حرکات ثلاثہ کے ساتھ مقدر ہو۔
جیسے: جَاءَنِیْ مُوْسٰی، وَرَأَيْتُ مُوْسٰی، وَمَرَرْتُ بِمُوْسٰی۔

۶۔ اعراب بالحرکت تقدیری حکمی کی تعریف:
یہ وہ اعراب ہے جسکے احوال ثلاثہ حرکتین کے ساتھ
مقدر ہو۔ یعنی جس میں ایک حالت دوسرے حالت کے تابع ہو۔
جیسے: جَاءَنِیْ حُبْلٰی، وَرَأَيْتُ حُبْلٰی، وَمَرَرْتُ بِحُبْلٰی۔

۷۔ اعراب بالحروف تقدیری حقیقی کی تعریف۔
یہ وہ اعراب ہے جسکے احوال ثلاثہ حروف ثلاثہ
کے ساتھ مقدر ہو۔
جیسے: جَاءَنِیْ اَبُو الْقَوْمِ، وَرَأَيْتُ اَبَا الْقَوْمِ، وَمَرَرْتُ بِاَبِی الْقَوْمِ

۵ اعراب بالحروف تقدیری حکمی کی تعریف۔

یہ وہ اعراب ہے۔ جسکے احوال ثلاثہ حرفین کے ساتھ مقدر ہو۔ یعنی اس میں ایک حالت دوسرے حالت کے تابع ہو۔

جیسے۔ جَآءَنِیْ مُسْلِمُوْ الْقَوْمِ. وَرَأَیْتُ مُسْلِمِی الْقَوْمِ.
وَمَرَرْتُ بِمُسْلِمِی الْقَوْمِ.

اسم متمکن اعراب کے اعتبار سے سولہ [16] قسم پر ہیں۔

پہلا قسم مفرد منصرف صحیح ۔ جیسے زَیْدٌ

مفرد کبھی چیزوں کے مقابلہ میں آتا ہے۔
کبھی تثنیہ اور جمع کے مقابلے میں آتا ہے۔ اور کبھی مضاف یا شبہ مضاف کے مقابلے میں اور کبھی جملے کے مقابلے میں آتا ہے۔

یہاں پر تثنیہ اور جمع کے مقابلے میں آیا ہے۔
کہ یہ مفرد ہے۔ تثنیہ اور جمع نہیں ہے۔ اور منصرف ہے۔ غیر منصرف نہیں ہے۔ اور صحیح ہے۔ ناقص نہیں ہے۔
نحوی حضرات صحیح اس کو کہتے ہیں۔ جس کے آخر میں حرف علت نہ ہو۔ اور صرفی حضرات صحیح اس کلمے کو کہتے ہیں۔ جو فاء عین ولام کے مقابلے میں حرف علت و تضعیف اور ہمزہ نہ ہو۔

پس معلوم ہوا کہ جب مفرد ہو۔ منصرف ہو۔ صحیح ہو
تو اُس کے اعراب اعراب بالحرکت لفظی حقیقی ہونگے۔

دوسرا مفرد منصرف جاری مجرائی صحیح۔ جیسے دَلْوٌ
مفرد سے مراد یہ ہے۔ کہ یہ مفرد ہے۔ تثنیہ اور جمع نہیں ہے۔
اور منصرف ہے۔ غیر منصرف نہیں ہے۔
اور جاری مجرائی صحیح ہے۔ ناقص نہیں ہے۔
جاری مجرائی وہ ہے۔ جو صحیح کے قائم مقام ہو۔
یعنی جس کے آخر میں حرف علت ہو۔ اور اُس کا ماقبل
ساکن ہو۔ جیسے دَلْوٌ
یعنی یہ صحیح تو نہیں ہے۔ مگر صحیح کا قائم مقام ہے۔
یعنی اس میں اعلال اور تعلیل نہیں ہوتا ہے۔
پس معلوم ہوا کہ جب مفرد ہو منصرف ہو۔ جاری مجرائی صحیح ہو۔
تو اس کے اعراب بھی اعراب بالحرکت لفظی حقیقی ہونگے۔

تیسرا قسم۔ جمع مکسر منصرف۔ جیسے۔ رِجَالٌ
جمع سے مراد یہ ہے۔ کہ یہ جمع ہے۔ مفرد اور تثنیہ نہیں ہے۔
اور جمع مکسر ہے۔ اور جمع سالم نہیں ہے۔ اور منصرف ہے
غیر منصرف نہیں ہے۔ پس معلوم ہوا کہ جب جمع ہو
جمع مکسر ہو۔ منصرف ہو۔ تو اس کے اعراب بھی
اعراب بالحرکت لفظی حقیقی ہونگے۔

یعنی ان تینوں کا حالت رفعی ضمہ کے ساتھ ہوگا اور حالت نصبی فتحہ کے ساتھ اور حالت جری کسرہ کے ساتھ ہوگا۔ جیسے جَاءَنِیْ زَیْدٌ وَدَلْوٌ وَرِجَالٌ وَرَأَیْتُ زَیْدًا وَدَلْوًا وَرِجَالًا وَمَرَرْتُ بِزَیْدٍ وَدَلْوٍ وَرِجَالٍ۔

یعنی ان تینوں کا اعراب، اعراب بالحرکت لفظی حقیقی ہونگے۔

یہ اعراب تو اصل ہے۔ یہ اصل اعراب تو ان قسموں کو کیا دے دیا۔

اسلئے کہ مفرد اصل ہے۔ تثنیہ اور جمع کے مقابلے میں۔

اور منصرف اصل ہے۔ غیر منصرف کے مقابلے میں۔

اور صحیح اصل ہے۔ ناقص کے مقابلے میں۔

اور جاری مجرائی اصل ہے۔ ناقص کے مقابلے میں۔

جمع مکسر اصل ہے۔ جمع سالم کے مقابلے میں۔

لہذا یہ اصل ہے۔ اسلئے اس کو اعراب بھی اصل دے دیا

چوتھا قسم جمع مؤنث سالم

یعنی کہ جمع ہو۔ مؤنث ہو اور سالم ہو۔

تو اس کا حالت رفعی ضمہ کے ساتھ ہوگا۔ اور حالت نصبی و جری کسرہ کے ساتھ ہوگا۔ یعنی اس کے اعراب اعراب بالحرکت لفظی حکمی ہونگے۔

هُنَّ مُسْلِمَاتٌ۔ وَرَأَیْتُ مُسْلِمَاتٍ۔ وَمَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ

[illegible]

[illegible]

لہذا یہ فرع ہے۔ اسلئے اس کے اعراب بھی فرع دے دیا۔

پانچواں قسم غیر منصرف

غیر منصرف کی تعریف:- یہ وہ اسم ہے جس میں دو سبب یا ایک سبب جو دو سببوں کا قائم مقام ہو۔

اسباب منع صرف سے پایا جائے یعنی موجود ہو جائے اسباب منع صرف نو ہے۔

(۱) عدل (۲) وصف (۳) تانیث (۴) معرفہ (۵) عجمہ (۶) جمع (۷) ترکیب (۸) وزن فعل (۹) الف ونون زائدتان

(۱) عدل کی تعریف:- ایک صیغے کا دوسرے صیغے سے اخراج ایسے طریقے کے ساتھ کہ اس کا مادہ اصلی باقی ہو۔ اور اس کا شکل وصورت تبدیل ہو چکا ہو۔ بغیر قانون صرفی کے۔

جیسے عُمَرُ کہ یہ عَامِرٌ سے نکلا ہے بغیر صرفی قانون کے۔ عدل دو قسم پر ہیں (۱) عدل تحقیقی (۲) عدل تقدیری

(۲) وصف کی تعریف:- یہ وہ اسم غیر منصرف ہے جو دلالت کرتا ہو۔ ذات مبہم پر مع بعض صفات کے لحاظ سے۔

جیسے اَسْوَدُ، اَحْمَرُ

تانیث کی تعریف: یہ وہ اسم غیر منصرف ہے۔ جس میں علامت تانیث موجود ہو۔ جیسے طَلْحَةُ

عدل کی تعریف: یہاں عدل سے مراد اعلام ہے۔

اعلام جمع ہے۔ عَلَم کا۔ عَلَم وہ ہے۔ جو دلالت کرتا ہو۔ ذات معین پر بغیر قرینہ کے۔ جیسے: زَیْنَبُ

عجمہ کی تعریف: عجمہ یہ وہ اسم غیر منصرف ہے۔ جو عجم کے لوگوں نے وضع کیا ہو۔ اور اس کا استعمال عرب میں بھی ہوتا ہے۔ جیسے: اِبْرَاهِیْمُ۔

جمع کی تعریف: یہاں جمع سے مراد عام نہیں ہے۔ بلکہ مراد جمع اقصیٰ ہے۔ اس کو جمع منتہی الجموع اور جمع الجمع بھی کہتے ہیں۔

جمع اقصیٰ کی تعریف: یہ وہ جمع ہے جسکی جمعیت انتہا کو پہنچ چکا ہو۔ اور جمع اقصیٰ کی پہچان کیلئے تین اوزان آتے ہیں۔ جیسے: مَفَاعِلُ بروزن مَسَاجِدُ، فَوَاعِلُ بروزن ضَوَارِبُ

مَفَاعِیْلُ بروزن مَصَابِیْحُ۔

ترکیب کی تعریف: یہاں ترکیب سے مراد مرکب منع صرف ہے۔ مرکب منع صرف وہ ہے۔ جو دو اسموں کو ایک بنی (اکٹھی) کرے۔ اور دوسرا اسم متضمن حرف کیلئے نہ ہو۔ جیسے: بَعْلَبَکَّ۔ جسکا پہلا جزء مبنی بر فتحہ ہے۔ اکثر علماء کے مذہب پر۔ اور دوسرا جزء معرب غیر منصرف ہے۔

وزن فعل کی تعریف. یہ وہ اسم غیر منصرف ہے. جو اصل میں
اسم ہو. اور فعل کے وزن پر آیا ہو. جیسے اَحْمَدُ
الف ونون زائدتان کی تعریف.
یہ وہ اسم غیر منصرف ہے. جسکے آخر میں الف ونون زائدتان
آیا ہو. جیسے. عُثمَانُ
ان سب کا حالت رفعی ضمہ کے ساتھ ہوگا. اور حالت
نصبی وجری فتحہ کے ساتھ ہوگا. یعنی اس کے اعراب
اعراب بالحرکت لفظی حکمی ہونگے
جیسے. جَاءَ عُمَرُ، رَأَیْتُ عُمَرَ، وَمَرَرْتُ بِعُمَرَ

یہ اعراب تو فرعی ہے. یہ فرعی اعراب اس کو کیوں
دے دیا.
اسلئے کہ یہ فعل کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے.
یعنی فعل پر تنوین اور کسرہ نہیں آتا. اور اسم غیر منصرف
پر بھی تنوین اور کسرہ نہیں آتا.

فعل کے ساتھ کیسے مشابہت رکھتا ہے.
غیر منصرف کا فعل کے ساتھ مشابہت ہے
فرعیتین میں. کیونکہ فعل بھی فرع ہوتا ہے. فاعل کا
اور مشتق منہ یعنی (مصدر) کا. یعنی فعل میں دو فرعیتیں ہے
اور غیر منصرف بھی وہ ہوتا ہے. جس میں دو سبب پائے

اور یہ سبب اپنے اصل کا فرعہ ہوتا ہے۔ تو غیر منصرف

میں بھی دو فرعتیں ہوگی۔ لہذا فعل کے ساتھ

فرعتین میں مشابہت ثابت ہوگئی۔

اور یہ سبب اپنے اصل کا فرع اس طرح ہے

جیسے عدل فرعہ ہے۔ معدول عنہ کے مقابلے میں

وصف فرعہ ہے۔ غیر وصف کے مقابلے میں۔

مؤنث فرعہ ہے۔ مذکر کے مقابلے میں۔

معرفہ فرعہ ہے۔ نکرہ کے مقابلے میں۔

عجمہ فرعہ ہے۔ عرب کے مقابلے میں۔

جمع فرعہ ہے۔ مفرد کے مقابلے میں۔

مرکب فرعہ ہے۔ مفرد کے مقابلے میں۔

وزن فعل فرعہ ہے۔ وزن اسم کے مقابلے میں۔

الف ونون زائدتان فرعہ ہے۔ اسم کے مقابلے

میں جس کے آخر میں الف ونون زائدتان نہ ہو۔

لہذا یہ فرعہ ہے۔ اس لئے اس کو اعراب

بھی فرعہ دے دیا۔

چھٹی قسم اسمائے ستہ مکبرہ موحدہ مضاف لغیر یائے متکلم

مکبر ہو مصغر نہ ہو۔ اگر مصغر ہو۔ تو پھر یہ اعراب نہیں ہونگے

جیسے۔ جَاءَنِیْ اُبَیُّ وَرَأَیْتُ اُبَیًّا وَمَرَرْتُ بِاُبَیٍّ۔

موحد ہو تثنیہ اور جمع نہ ہو۔ اگر تثنیہ یا جمع ہو تو پھر یہ اعراب

بالحروف لفظی حقیقی نہ ہونگے۔

جیسے۔ جَاءَنِیْ اَبَوَانِ وَرَأَیْتُ اَبَوَیْنِ وَمَرَرْتُ بِاَبَوَیْنِ

مضاف ہو غیر یائے متکلم کو ہو۔ اگر یائے متکلم کو مضاف ہو

تو پھر یہ اعراب نہ ہونگے۔

جیسے۔ جَاءَ اَبِیْ وَرَأَیْتُ اَبِیْ وَمَرَرْتُ بِاَبِیْ

پس معلوم ہوا کہ جب اسمائے ستہ مکبر ہو۔ اور موحدہ ہو

اور یائے متکلم کے علاوہ اضافت کیا گیا ہو۔

تو اس کا حالت رفعی واو کے ساتھ اور حالت نصبی

الف کے ساتھ اور حالت جری یاء کے ساتھ ہوگا۔

یعنی اس کے اعراب۔ اعراب بالحروف لفظی حقیقی ہونگے۔

جیسے۔ جَاءَنِیْ اَبُوْكَ وَرَأَیْتُ اَبَاكَ وَمَرَرْتُ بِاَبِیْكَ

یہ اعراب تو فرعی ہے۔ آپ نے یہ اعراب اس

کو کیوں دے دیا۔ حالانکہ یہ اسمائے ستہ مکبرہ موحدہ

تو اصل ہے۔ چاہئے تھا کہ آپ اس کو اصل

اعراب یعنی (اعراب بالحرکت لفظی حقیقی) دے دیتے۔

وسیلے کے واحد اور جمع کے مابین یعنی (درمیان) میں
تو معنوی اختلاف ہے

اگر ہم اس کو یہ اعراب یعنی (اعراب بالحرکت لفظی حقیقی)
دے دیتے تو پھر واحد اور جمع کے درمیان میں
اختلاف تام یعنی (مکمل) اختلاف آتا تھا۔ تو اس
مکمل اختلاف سے بچنے کیلئے ہم نے اس کو اعراب
بالحروف لفظی حقیقی دے دیئے۔

ساتواں قسم مثنی یعنی تثنیہ جیسے رَجُلَانِ۔

اٹھواں قسم کِلَا وَ کِلْتَا جس کا اضافت ضمیر کی طرف کیا گیا ہو

نواں قسم۔ اِثْنَانِ وَ اِثْنَتَانِ۔

ان تینوں کا حالت رفعی الف کے ساتھ۔ اور حالت نصبی
وجری یاء ماقبل مفتوح کے ساتھ ہوگا۔
یعنی اس کے اعراب بالحروف لفظی حکمی ہونگے۔

جَاءَ رَجُلَانِ وَ کِلَاهُمَا وَ اِثْنَانِ وَ رَأَیْتُ
رَجُلَیْنِ وَ کِلَیْهِمَا وَ اِثْنَیْنِ وَ مَرَرْتُ بِرَجُلَیْنِ
وَ کِلَیْهِمَا وَ اِثْنَیْنِ۔

تثنیہ کی تعریف۔ تثنیہ وہ ہے جو دو پر دلالت کرتا ہو
پھر تثنیہ دو قسم پر ہیں۔ ۱ تثنیہ حقیقی ۲ ملحق بالتثنیہ

١ تثنیہ حقیقی کی تعریف: تثنیہ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے
اور اس کیلئے مفرد میں لفظ ہو۔ جیسے رَجُلَانِ

٢ ملحق بالتثنیہ کی تعریف: یہ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے
اور اس کیلئے یا تو بالکل مفرد نہ ہو۔ جیسے کِلَا وَ کِلْتَا
یا مفرد ہو لیکن مفرد میں لفظ نہ ہو۔ جیسے اِثْنَانِ وَ اِثْنَتَانِ

دسواں قسم جمع مذکر سالم جیسے مُسْلِمُوْنَ.
گیارہواں قسم ہے اُوْلُوْ
بارہواں قسم عِشْرُوْنَ تا تِسْعُوْنَ
ان تینوں کا حالت رفعی واو ماقبل مضموم کے ساتھ
اور حالت نصبی وجری یاء ماقبل مکسور کے ساتھ ہوگا۔
یعنی اس کے اعراب، اعراب بالحروف لفظی حکمی ہونگے۔
جَاءَ مُسْلِمُوْنَ وَ اُوْلُوْ مَالٍ وَعِشْرُوْنَ رَجُلًا۔
وَرَأَیْتُ مُسْلِمِیْنَ وَ اُوْلِیْ مَالٍ وَعِشْرِیْنَ رَجُلًا۔
وَمَرَرْتُ بِمُسْلِمِیْنَ وَ اُوْلِیْ مَالٍ وَعِشْرِیْنَ رَجُلًا۔
پھر جمع دو قسم پر ہیں۔ ١ جمع حقیقی ٢ ملحق بالجمع

١ جمع حقیقی کی تعریف: یہ وہ اسم ہے جو دو سے زیادہ
پر دلالت کرے۔ اور اس کیلئے مفرد میں لفظ ہو جیسے رِجَالٌ

٢

ملحق بالجمع کی تعریف یہ وہ اسم ہے ۔ جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے۔ اور اس کیلئے یا تو بالکل مفرد نہ ہو جیسے عشرون یا مفرد ہو لیکن مفرد میں لفظاً نہ ہو۔ جیسے ۔ اُولُو

آپ نے تو تثنیہ کو اعراب با لحروف لفظی حکمی دے دیا اور جمع کو بھی یہ اعراب دے دیا۔ تو اس کے درمیان میں کیا فرق ہے۔

فرق اس کے درمیان میں یہ ہے۔ کہ تثنیہ کو حالت رفعی میں الف دے دیا۔ اسلئے کہ فعل میں بھی الف تثنیہ کیلئے آتا ہے۔ یعنی تثنیہ کا ضمیر فاعل ہے اور جمع کو حالت رفعی میں واؤ ماقبل مضموم دے دیا۔ اسلئے کہ فعل میں بھی واؤ ماقبل مضموم جمع کیلئے آتا ہے ۔ یعنی جمع کا ضمیر فاعل ہے

تثنیہ کو حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح دے دیا۔

اور جمع کو حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور دے دیا۔

اس لئے کہ آپس میں التباس نہ آجائے۔

تیسراہواں قسم اسم مقصور ۔ اسم مقصور یہ وہ اسم ہے
جس کے آخر میں الف مقصورہ آیا ہو ۔ جیسے مُوْسٰی

چوا ہواں قسم غیر جمع مذکر سالم یعنی جمع مذکر سالم کے علاوہ
کسی اور کلمے کی اضافت یائے متکلم کی طرف کی گئی ہو ۔ جیسے غُلَامِیْ

ان دونوں قسموں کا حالت رفعی تقدیر ضمہ کے ساتھ
اور حالت نصبی تقدیر فتحہ کے ساتھ اور حالت جری کسرہ
کسرہ کے ساتھ ہوگا ۔
یعنی اس کے اعراب ، اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی ہونگے ۔
اور لفظ کے اعتبار سے ہمیشہ ایک جیسے ہونگے ۔
جیسے جَآءَ مُوْسٰی وَغُلَامِیْ ، وَ رَأَیْتُ مُوْسٰی وَغُلَامِیْ ۔
وَمَرَرْتُ بِمُوْسٰی وَغُلَامِیْ ۔
کہ آپ نے اس کو اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی دے دیا ۔
تو اعراب بالحرکت لفظی حقیقی کیوں نہیں دے دیا ۔

اس لئے کہ مُوْسٰی کے آخر میں جو الف ہے وہ حرکت
برداشت نہیں کرتا ۔ اور غُلَامِیْ کے آخر میں جو یاء ہے
وہ یاء کو ساکن ہے ۔ اور یاء اپنے ماقبل کسرہ مانگتا ہے
اس وجہ سے اس کو اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی دیا ۔

پندرہواں قسم اسم منقوص۔ اسم منقوص وہ اسم ہے
جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور آیا ہو۔ جیسے قاضی
اس کا حالت رفعی تقدیر ضمہ کے ساتھ اور حالت نصبی فتحہ
لفظی کے ساتھ اور حالت جری تقدیر کسرہ کے ساتھ ہوگا۔
یعنی اس کا اعراب، اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی ہوگا
جیسے جَاءَ الْقَاضِیْ وَرَأَیْتُ الْقَاضِیَ وَمَرَرْتُ بِالْقَاضِیْ

آپ نے تو اسم منقوص کو اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی
دے دیا۔ اور غیر جمع مذکر سالم یعنی یائی متکلم کو بھی
یہ اعراب دے دیا۔
اور غُلَامِیْ کے آخر میں یاء ساکنہ اور ماقبل مکسور ہے۔
اور قاضِیْ کے آخر میں بھی یاء ساکنہ اور ماقبل مکسور ہے۔
تو پھر ان دونوں قسموں کو اکٹھا کیوں ذکر نہیں کیا۔

غُلَامِیْ کے آخر میں جو یاء ہے۔ وہ یائی متکلم ہے۔
اور غُلَام کا اضافت ہوا ہے۔ اُس کی طرف یعنی
(یائی متکلم کی طرف) اور قاضِیْ کے آخر میں جو یاء ہے۔
وہ یائی متکلم نہیں ہے۔ بلکہ اپنے اصل مادے کی یاء ہے

لہٰذا غُلَامِیْ مرکب ہے۔ اور قاضی مفرد ہے۔ اسی وجہ سے
ان دونوں کو الگ الگ ذکر کیا۔

سو یہ قسم جمع مذکر سالم یعنی جمع مذکر سالم کی اضافت یائے متکلم کی طرف کی گئی ہے جیسے مُسْلِمِیَّ

تو اس کا حالت رفعی تقدیر واو کے ساتھ اور حالت نصبی و جری یاء ماقبل مکسور کے ساتھ ہوگا۔

یعنی اس کا اعراب، اعراب بالحروف لفظی حکمی ہونگے

جیسے ھٰؤُلَاءِ مُسْلِمِیَّ، وَرَأَیْتُ مُسْلِمِیَّ

وَمَرَرْتُ بِمُسْلِمِیَّ

مُسْلِمِیَّ اصل میں مُسْلِمُوْنَ یْ تھا۔ نون اضافت کی وجہ سے گر گیا۔ واو اور یاء ایک کلمے میں جمع ہو گئے۔ پہلے حرف ساکن ہے یعنی (واو)

تو پھر صرفی قانون کے مطابق واو کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر دوسرے قانون کے مطابق یاء کو یاء میں مدغم کیا۔ پھر مُسْلِمُیَّ بن گیا۔

تو پھر میم کے ضمہ کو کسرہ کے ساتھ تبدیل کر دیا۔

مُسْلِمِیَّ بن گیا۔

(فصل)

یہ جاننا چاہیے کہ

مضارع کے اعراب تین ہیں رفع، نصب، جزم
فعل مضارع اعراب کے اعتبار سے چار قسم پر ہیں۔
پہلا قسم صحیح جو خالی ہو ضمیر بارز مرفوع سے
یعنی وہ ضمیر مرفوع جو تثنیہ اور جمع مذکر، واحدہ مؤنث
مخاطبہ کیلئے ہوتا ہے

شاید وہ تثنیہ مذکر ہو، یا مؤنث مخاطب ہو یا غائب
جمع مذکر غائب ہو یا مخاطب ہو۔
یعنی اس سے مراد پانچ صیغے ہیں جو کہ
یَضْرِبُ، تَضْرِبُ، تَضْرِبُ، اَضْرِبُ، نَضْرِبُ۔
یعنی واحد مذکر غائب، واحدہ مؤنث غائبہ، واحد مذکر مخاطب
واحد متکلم اور جمع متکلم ہیں۔
تو ان پانچ صیغوں کا حالت رفعی ضمہ کے ساتھ اور حالت
نصبی فتحہ کے ساتھ اور حالت جزی سکون کے ساتھ ہوگا۔

جیسے: هُوَ يَضْرِبُ، وَلَنْ يَضْرِبَ، وَلَمْ يَضْرِبْ۔

دوسرا قسم مفرد معتل واوی جیسے: يَغْزُوْ۔
یا مفرد معتل یائی: جیسے: يَرْمِيْ۔

تو اس کا حالت رفعی تقدیر ضمہ کے ساتھ اور حالت
نصبی فتحہ لفظی کے ساتھ اور حالت جری میں لام
کلمہ کے حذف ہونے کے ساتھ ہوگا۔

جیسے ھُوَ یَخْشٰی، وَیَرْضٰی، وَلَنْ یَّخْشٰی، وَلَنْ یَّرْضٰی
وَلَمْ یَخْشَ، وَلَمْ یَرْضَ۔

تیسرا قسم معتل الفی۔ جیسے۔ یَرْضٰی۔
اس کا حالت رفعی تقدیر ضمہ کے ساتھ اور حالت نصبی
تقدیر فتحہ کے ساتھ اور حالت جری لام کلمہ کے حذف
ہونے کے ساتھ ہوگا۔
جیسے۔ ھُوَ یَرْضٰی، وَلَنْ یَّرْضٰی، وَلَمْ یَرْضَ۔

چوتھا قسم صحیح ہو یا معتل ہو۔

ضمیر بارز مرفوع اور نونات اعرابی یعنی نون تثنیہ
اور نون جمع اور نون واحدہ مؤنثہ مخاطبہ
کے ساتھ ہوگا۔
تو اس کا حالت رفعی نون کے ثابت ہونے کے ساتھ ہوگا۔

جیسے کہ تثنیہ میں پڑھتے ہیں۔ هُمَا يَضْرِبَانِ وَيَغْزُوَانِ
وَيَرْمِيَانِ وَيَرْضَيَانِ۔

جیسا کہ جمع میں پڑھتے ہیں هُمْ يَضْرِبُوْنَ وَيَغْزُوْنَ
وَيَرْمُوْنَ وَيَرْضَوْنَ۔

جیسا کہ واحد مؤنث اَنْتِ تَضْرِبِيْنَ وَتَغْزِيْنَ
میں پڑھتے ہیں وَتَرْمِيْنَ وَتَرْضَيْنَ

تو اسکی حالت نصبی اور حالت جزمی میں نون خفیف
ہونے کے ساتھ ہوگا۔
جیسا کہ تثنیہ میں پڑھتے ہیں۔ لَنْ يَضْرِبَا وَلَنْ يَغْزُوَا
وَلَنْ يَرْمِيَا وَلَنْ يَرْضَيَا وَلَمْ يَضْرِبَا
وَلَمْ يَغْزُوَا وَلَمْ يَرْمِيَا وَلَمْ يَرْضَيَا

جیسا کہ جمع میں پڑھتے ہیں۔ لَنْ يَضْرِبُوْا وَلَنْ يَغْزُوْا وَلَنْ يَرْضَوْا
وَلَنْ يَرْمُوْا وَلَمْ يَضْرِبُوْا وَلَمْ يَغْزُوْا وَلَمْ يَرْمُوْا وَلَمْ يَرْضَوْا۔

جیسا کہ واحد مؤنث مخاطبہ میں پڑھتے ہیں۔
لَنْ تَضْرِبِيْ وَلَنْ تَغْزِيْ وَلَنْ تَرْمِيْ وَلَنْ تَرْضَيْ۔
وَلَمْ تَضْرِبِيْ وَلَمْ تَغْزِيْ وَلَمْ تَرْمِيْ وَلَمْ تَرْضَيْ۔

(فصل)

در آنکہ ~~سمجھو کہ~~

عوامل اعراب یعنی اعراب کے عوامل دو قسم پر ہیں۔

(۱) لفظی (۲) معنوی

عوامل عامل کی جمع ہے۔ عامل وہ چیز ہے جس کی وجہ سے کسی اسم یا فعل کے آخر میں لفظی، یا تقدیری یا محلی تبدیلی واقع ہو جائے۔

لفظی تبدیلی کی مثال: جَآءَ زَيْدٌ وَرَأَيْتُ زَيْدًا وَمَرَرْتُ بِزَيْدٍ

تقدیری تبدیلی کی مثال: جَآءَ مُوْسٰی وَرَأَيْتُ مُوْسٰی وَمَرَرْتُ بِمُوْسٰی

محلی تبدیلی کی مثال: جَآءَ هٰذَا وَرَأَيْتُ هٰذَا وَمَرَرْتُ بِهٰذَا

عامل لفظی کی تعریف: عامل لفظی وہ ہے۔ جس پر تلفظ کیا جا سکے اور کتابت میں بھی لکھا جاتا ہو۔

جیسے: لَنْ يَّضْرِبَ، لَمْ يَضْرِبْ۔

عامل معنوی کی تعریف: عامل معنوی وہ ہے۔ جس پر نہ تلفظ کیا جا سکے اور نہ کتابت میں لکھا جاتا ہو۔

جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ

یعنی اس کا عامل لفظ نہیں ہے۔ بلکہ اس میں عامل معنوی

ہے۔ جو کہ ابتداء ہے یعنی ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہے۔
عامل لفظی تین قسم پر ہیں۔ (۱) حروف عاملہ
(۲) افعال عاملہ (۳) اسماء عاملہ
حروف عاملہ کی مثال: جیسے: بِزَیْدٍ
افعال عاملہ کی مثال: جیسے: جَاءَ زَیْدٌ
اسماء عاملہ کی مثال: جیسے: قَتلی تَضرِبْ اَضرِبْ
اور اگر اللہ نے چاہا تو آپ اس کو تین ابواب میں یاد کر لو گے
باب اول حروف عاملہ ہے۔ اور یہ دو فصلوں میں تقسیم ہے۔
افعال عاملہ اور اسماء عاملہ پر حروف عاملہ کو کیوں مقدم کیا
اسلئے کہ حروف بہت زیادہ ہے۔ یعنی کثرت کی وجہ سے مقدم کیا حروف عاملہ کو۔

پہلا فصل وہ حروف عاملہ جو اسم پر داخل ہوتے ہے
اور اسم میں عمل کرتا ہے اور یہ پانچ قسم پر ہیں

پہلا قسم حروف جر۔ اور یہ حروف جر سترہ ہیں۔
با، تا، و کاف و لام، واو منذ ومذ خلا
رُبَّ، حاشا، من، عدا، فی عن علی حتی الی

حروف جر کی تعریف:

حروف جار وہ حروف ہیں۔ جو اسم پر داخل ہوتے ہیں۔ اسی لئے کہ فعل یا شبہ فعل کا معنی اسم کی طرف کھینچتا ہے۔ یہ حروف اسم پر داخل ہوتے ہیں۔ اور اسم کے آخر کو مجرور کرتا ہے۔ جیسے: اَلْمَالُ لِزَیْدٍ

اسی حروف کو جار کہتے ہیں۔ اور جس اسم پر یہ حروف داخل ہوتے ہیں۔ اسی کو مجرور کہتے ہیں۔

تو پھر ان دونوں کو جار مجرور کہتے ہیں۔

پھر ان جار مجرور کو ظرف بھی کہتے ہیں۔

ظرف دو قسم پر ہے۔ ۱ ظرف حقیقی ۲ ظرف مجازی

ظرف حقیقی کی تعریف:

ظرف حقیقی وہ ہے۔ جس کو ہم ہفت اقسام میں پڑھتے ہیں۔

ظرف مجازی کی تعریف: ظرف مجازی اسی جار مجرور کو کہتے ہیں۔

ظرف مجازی تعلق کے اعتبار سے دو قسم پر ہے

۱۔ ظرف لغو ۲۔ ظرف مستقر

دوسرا قسم حروف مشبہ بالفعل ہے۔ اور یہ حروف چھ ہیں

إنَّ یا أنَّ کَأَنَّ لَیْتَ لٰکِنَّ لَعَلَّ، ناصب اسم ور افع خبر۔

اس کو حروف مشبہ بالفعل کیوں کہتے ہیں۔ اسلئے کہ یہ فعل کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے۔ لفظاً، معنًا، عملاً

لفظاً مشابہت یہ ہے

1. کہ جس طرح فعل ماضی مبنی بر فتحہ ہوتا ہے۔ اسی طرح یہ حروف بھی مبنی بر فتحہ ہوتے ہیں۔

2. اور جس طرح فعل ثلاثی اور رباعی ہوتے ہیں۔ اسی طرح ان میں بعض ثلاثی اور بعض رباعی ہوتے ہیں

3. اور فعل کے وزن پر بھی آتے ہیں۔

إنَّ بروزن فرَّ، أنَّ بروزن مدَّ، کأنَّ بروزن ضربْنَ

لٰکِنَّ بروزن ضاربْنَ، لَیْتَ بروزن لَیْسَ، لَعَلَّ بروزن ضربْنَ

معناً مشابہت یہ ہے

کہ إنَّ أنَّ بمعنی حَقَّقْتُ کے ساتھ ہے۔ اور کأنَّ بمعنی شَبَّهْتُ کے ساتھ ہے لٰکِنَّ بمعنی اِسْتَدْرَکْتُ کے ساتھ ہے

لَیْتَ بمعنی تَمَنَّیْتُ اور لَعَلَّ بمعنی تَرَجَّیْتُ کے ساتھ ہے۔

عملی مشابہت یہ ہے

کہ جس طرح فعل فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیتا ہے۔ اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ فاعل سے پہلے مفعول ذکر

ہوتا ہے۔ تو پھر اس صورت میں بھی فعل، مفعول کو نصب
اور فاعل کو رفع دیتا ہے۔
لہذا اسی طرح یہ حروف بھی مبتدا کو نصب اور خبر کو
رفع دیتا ہے۔

اور یہ چھ حروف ہیں۔ اِنَّ، اَنَّ، کَاَنَّ، لٰکِنَّ، لَیْتَ، لَعَلَّ
یہ حروف اسم پر داخل ہوتے ہیں۔ اسم کو نصب
اور خبر کو رفع دیتا ہے۔
جیسے۔ اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ
زید کو اسم اِنَّ اور قائمٌ کو خبر اِنَّ کہتے ہیں۔

سمجھو کہ اِنَّ اور اَنَّ جملہ کے مضمون میں تاکید پیدا
کرنے کیلئے آتا ہے۔
کَاَنَّ حرف تشبیہ ہے۔ تشبیہ کی معنی ہے۔ برابر ہونا۔
تعریف، مبتدا اسم میرے خبر جیسا ہے۔ ایک خاص وصف میں

لٰکِنَّ یہ حرف استدراک ہے۔ استدراک کی معنی ہے۔ رہ جانا۔
تعریف کلام سابق میں جو وہم ہوتا ہے۔ اُس وہم
کو دور کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

جیسے۔ ذَهَبَ زَیْدٌ لٰکِنَّ عَمْرًا لَمْ یَذْهَبْ

لَیْتَ یہ حروف تمنی سے ہے۔ تمنی کی معنی ہے۔ خواہش کرنا

تعریف: جس سے متکلم کا مقصود اپنے مخاطب کو خواہش

کا اظہار کرنا ہو۔ جیسے: لَیْتَ زَیْدًا حَاضِرٌ

لَعَلَّ یہ حروف ترجی سے ہے۔ ترجی کی معنی ہے۔ امید کرنا۔

تعریف: جس سے متکلم کا مقصود اپنے مخاطب سے امید رکھتا ہو

جیسے: لَعَلَّ عَمْرًا غَائِبٌ

تیسرا قسم مَا وَلَا الْمُشَبَّهَتَانِ بِلَيْسَ ہے۔

اس کو مَا وَلَا اَلْمُشَبَّهَتَانِ بِلَيْسَ کیوں کہتے ہے۔

اسلئے کہ لَیْسَ کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے۔

معنًا عملًا:

معنًا مشابہت یہ ہے

کہ جس طرح لَیْسَ نفی معنی دیتا ہے۔ اسی طرح یہ مَا وَلَا

نفی کا معنی دیتا ہے۔

عملًا مشابہت یہ ہے

کہ جس طرح لَیْسَ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے

اسی طرح یہ مَا وَلَا جب مبتدا اور خبر پر داخل ہوتا ہے۔

تو ~~مبتدا~~ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے

جیسے: مَا زَيْدٌ قَائِمًا

زید کو اسم ما اور قائماً کو خبر ما کہتے ہیں۔

ما اور لا میں کیا فرق ہے۔
ما اور لا میں فرق یہ ہے کہ ما معرفہ اور نکرہ دونوں پر داخل ہو سکتا ہے۔ جبکہ لا صرف نکرہ پر داخل ہوتا معرفہ پر نہیں۔ اور اگر معرفہ پر داخل ہو جائے۔ تو عمل نہیں کرے گا۔ پھر اس کو لا ملغی عن العمل کہتے ہیں۔

چوتھا قسم لائے نفی جنس ہے۔
لائے نفی جنس وہ لا ہے جو اسم کی جنس سے خبر کی نفی کرتا ہے۔
لائے نفی جنس کے بعد جو اسم ہوتا ہے۔ وہ اکثر مضاف ہوتا ہے۔ اگر اس کا اسم مضاف ہو۔ تو اسم منصوب خبر مرفوع ہوگا۔ جیسے۔ لَا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِيْفٌ فِي الدَّارِ۔

اور اگر اس کا اسم نکرہ مفرد ہو۔ تو وہ مبنی بر فتحہ ہوگا۔ اور خبر مرفوع ہوگا۔ جیسے لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ
اور اگر اس کا اسم معرفہ ہو۔ تو لا کا تکرار لازم ہے۔ اور اس وقت لا ملغی عن العمل ہوگا۔
جیسے لَا زَيْدٌ عِنْدِي وَلَا عَمْرٌو

اور اگر اس کا اسم نکرہ مفرد ہو اور لا کا تکرار بھی ہوا ہو۔
تو اس میں پانچ وجوہ سے پڑھنا جائز ہے۔

جیسے: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔
وَلَا حَوْلٌ وَلَا قُوَّةٌ اِلَّا بِاللّٰہِ۔
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةٌ اِلَّا بِاللّٰہِ۔
وَلَا حَوْلٌ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةً اِلَّا بِاللّٰہِ۔

پانچواں قسم حروف ندا۔ حروف ندا وہ ہے۔ جس سے
متکلم کا مقصود اپنے مخاطب کو آواز دینا ہو متوجہ کرنے کیلئے
یہ حروف منادیٰ مضاف کو نصب دیتا ہے۔

جیسے: یَا عَبْدَ اللّٰہ

منادیٰ و منادی مقصود بالنداء اور ندا اس کو کہتے ہیں
جس کو آواز دیا جاتا ہے۔ اسکو منادیٰ کہتے ہیں۔
آواز دینے والے کو منادی کہتے ہیں۔
اور جس مقصد کیلئے منادی آواز دیتا ہے۔
منادیٰ کو اس مقصد کو مقصود بالنداء کہتے ہیں۔
ندا اس کلام کو کہتے ہیں۔ جس کے ساتھ منادیٰ
کو آواز دیا جاتا ہے۔

جیسے: یَا زَیْدُ اُنْظُرْ اِلَی السَّمَاءِ۔

یعنی اس مثال میں یا حرف ندا ہے۔ اور
زید منادی اور اُنظُر اِلَى السَّمَاءِ مقصود بالندا
اور آواز دینے والا منادی ہے

اور شبہ مضاف کو بھی نصب دیتا ہے
یہ وہ اسم ہے جو مضاف نہیں ہوتا بلکہ مضاف
جیسا ہوتا ہے
یعنی شبہ مضاف یہ وہ مضاف ہے جو تام نہیں بنتا
بغیر مضاف الیہ کے
جیسے یَا رَجُلاً طَالِعًا جَبَلًا
اور نکرہ غیر معین کو بھی نصب دیتا ہے
یعنی ایسا نکرہ جس پر حرف ندا میں کوئی حرف داخل ہوا ہو
اور پھر بھی یہ معرفہ نہیں ہوتا بلکہ نکرہ ہوتا ہے
جیسا کہ اندھا آدمی کہتا ہے۔ یَا رَجُلُ خُذْ بِيَدِي
اور منادی مفرد معرفہ مبنی ہوگا علامت رفع کے ساتھ
جیسے یَا زَيْدُ وَ يَا زَيْدَانِ وَ يَا مُسْلِمُوْنَ وَ يَا مُوْسٰى وَ يَا قَاضِي

ہمزہ ای و ہمزہ نزدیک کیلئے آتا ہے
اور ایا و ھیا دور کیلئے آتا ہے
اور یا عام ہے یعنی نزدیک اور دور دونوں
کیلئے استعمال ہوتا ہے

دوسرا فصل وہ حروف جو فعل مضارع پر داخل ہوتے ہیں۔ اور فعل مضارع میں عمل کرتے ہیں۔ اور یہ دو قسم پر ہیں۔

پہلا قسم وہ حروف ہیں۔ جو فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے۔ اور فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ اور یہ حروف چار ہے۔

آن و لن پس کی اذن این چار حروف مُشتمر نصب مُستقبل کنند این جملہ را لم اقتضا

لفظی عمل سب کا ایک جیسا ہے۔ فعل مضارع کے پانچ صیغوں کو نصب دیتا ہے۔ اور سات صیغوں سے نون اعرابی کو گرا دیتا ہے۔ اور دو صیغوں کو لفظاً کچھ نہیں کیتا اس لئے کہ یہ مبنی ہے۔ اور معنوی عمل ہر واحد کا الگ الگ ہے۔

جس میں سے پہلا حرف آن ہے۔
ان کا لفظی عمل یہ ہے کہ یہ فعل مضارع کے پانچ صیغوں کو نصب دیتا ہے اور سات صیغوں سے نون اعرابی کو گرا دیتا ہے۔ اور دو صیغوں کو لفظاً کچھ نہیں کیتا اس لئے کہ یہ مبنی ہے

اور اَنْ کا معنوی عمل یہ ہے
کہ اَنْ یہ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے۔ اسلئے
کہ فعل کو تاویل کے مصدر میں کر دیتا ہے۔
فعل کو تاویل کے مصدر میں کیوں کر دیتا ہے۔

اسلئے کہ اَنْ کے داخل ہونے سے پہلے فعل نہ
فاعل واقع ہو سکتا ہے۔ اور نہ مفعول اور نہ مبتدا۔
تو جب اس پر اَنْ داخل ہوتا ہے۔ اور فعل کو
تاویل کے مصدر میں کر دیتا ہے۔ تو یہ فاعل بھی
واقع ہو سکتا ہے۔ اور مفعول بھی اور مبتدا بھی

فعل کو تاویل کے مصدر میں کرنے کا ~~طریقہ~~ کیا طریقہ ہے
فعل کو تاویل کے مصدر میں کرنے کا طریقہ یہ ہے۔
کہ پہلے اس فعل کا مصدر نکالا جائے۔ اور پھر
اس میں جو ضمیر ہوتا ہے۔ اُسے نکالا جائے۔
اس کے بعد مصدر کا اضافت کیا جائے۔
اس ضمیر کی طرف پر۔
تو یہ تاویل کے مصدر میں ہو گیا۔
جیسے اُرِیْدُ اَنْ تَقُوْمَ یعنی اُرِیْدُ قِیَامَکَ
اسی وجہ سے اس اَنْ کو اَنْ مصدریہ بھی کہا جاتا ہے۔

دوسرا حرف لَنْ ہے۔ لَنْ کا لفظی عمل نصب ہے۔ آپ جیسا ہوتا ہے
اور لَنْ کا معنوی عمل یہ ہے کہ لَنْ فعل مضارع
پر داخل ہوتا ہے۔ اس لئے کہ مثبت معنی منفی کر
دیتا ہے۔ اور نفی میں تاکید پیدا کرتا ہے۔ اور حال
کو استقبال کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔
جیسے۔ لَنْ يَّخْرُجَ زَيْدٌ۔

تیسرا حرف کَیْ ہے۔ کَیْ کا لفظی عمل نصب ہے۔ آپ جیسا ہوتا ہے
کَیْ کا معنوی عمل یہ ہے کہ کَیْ دو جملوں کے مابین
علتی درمیان میں آتا ہے۔
اور کَیْ کا ماقبل سبب ہوتا ہے۔ مابعد کَیْ کیلئے
جیسے۔ اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ۔
اور اس کَیْ پر لام جارہ داخل ہوتا ہے۔ کبھی لفظاً
ذکر ہوتا ہے۔ اور کبھی معنًا۔
لفظاً کی مثال۔ لِكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى الخ
تقدیراً کی مثال۔ اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ
کہ یہ اصل میں اَسْلَمْتُ لِكَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ ہوتا ہے۔

چوتھا حرف اِذَنْ ہے۔ اِذَنْ کا لفظی عمل بالکل اَنْ جیسا ہے
اِذَنْ کا معنوی عمل یہ ہے کہ اِذَنْ یہ کلام کے
جواب میں آتا ہے۔
جیسا کہ ایک شخص کہے اَنَا آتِیْکَ غَدًا۔
میں کل آپ کے پاس آؤں گا۔
تو آپ جواب میں کہیں فَاِذَنْ اُکْرِمَکَ
تو پھر میں آپ کا اکرام کروں گا۔

اور سمجھو کہ اَنْ چھ حروف کے بعد مقدر ہوتا ہے
اور فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔

پہلا حرف حَتّٰی ہے۔ جس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے
جیسے۔ حَتّٰی اَدْخُلَ الْبَلَدَ کہ یہ اصل میں
حَتّٰی اَنْ اَدْخُلَ الْبَلَدَ ہوتا ہے۔

کیونکہ حَتّٰی حرف جار ہے۔ جو کہ اسم کا خاصہ ہے۔
اور فعل پر داخل نہیں ہوتا ہے۔ اور جب فعل پر
داخل ہوتا ہے۔ تو اس کے بعد اَنْ مقدر ہوگا۔

دوسرا حرف لامِ جحد ہے

لامِ جحد یہ وہ لام ہے. جو کانَ منفی کی خبر پر داخل ہوتا ہے. نفی تاکید کیلئے. اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے
جیسے۔ مَا کَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَھُمْ
کہ یہ اصل میں مَا کَانَ اللّٰہُ لِاَنْ یُعَذِّبَھُمْ ہوتا ہے

تیسرا حرف اَوْ ہے.

وہ اَوْ جو اِلٰی اَنْ اِلَّا اَنْ کے معنی پر ہو.
اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے.
یہاں اَوْ بمعنی اِلٰی اَنْ کے ہے.
جیسے لَاَلْزَمَنَّكَ اَوْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ.
کہ یہ اصل میں لَاَلْزَمَنَّكَ اَوْ اَنْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ ہوتا ہے.

چوتھا حرف واو الصرف ہے.

واو الصرف یہ وہ واو ہے. جو معطوف علیہ اور معطوف کے درمیان میں آتا ہے. اور جو چیز معطوف علیہ پر داخل ہوتا ہے. تو وہ معطوف پر داخل نہیں ہوتا. اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے.
جیسے لَا تَنْہَ عَنْ خُلُقٍ وَ تَاْتِیَ مِثْلَہٗ
کہ یہ اصل میں لَا تَنْہَ عَنْ خُلُقٍ وَ اَنْ تَاْتِیَ مِثْلَہٗ ہوتا ہے

پانچواں قسم لام کی ہے۔

لام کی کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے

جیسے۔ اَسْلَمْتُ لِاَدْخُلَ الْجَنَّۃَ کہ یہ اصل میں

اَسْلَمْتُ لِاَنْ اَدْخُلَ الْجَنَّۃَ ہوتا ہے۔

چھٹا حرف فاء ہے۔

فاء سے مراد مطلقاً فاء نہیں ہے۔ بلکہ یہاں

فاء سے مراد وہ فاء ہے۔

جواب چھ چیزوں کے جواب میں آیا ہو۔

امر یا نہی، نفی، استفہام، تمنی، عرض

اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے۔

امر کی مثال۔ جیسے۔ زُرْنِیْ فَاُکْرِمَکَ

نہی کی مثال۔ جیسے۔ لَا تَشْتِمْنِیْ فَاُؤْذِیَکَ

نفی کی مثال۔ جیسے۔ مَا تَاْتِیْنَا فَتُحَدِّثَنَا

استفہام کی مثال۔ جیسے۔ اَیْنَ بَیْتُکَ فَاَزُوْرَکَ۔

تمنی کی مثال۔ جیسے۔ لَیْتَ لِیْ مَالًا فَاُنْفِقَ مِنْہُ

عرض کی مثال۔ جیسے۔ اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا

دوسرا قسم وہ حروف ہیں جو فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور فعل مضارع کو جزم دیتا ہے۔ اور یہ حروف پانچ ہیں۔

اِنْ وَلَمْ لَمَّا وَلامِ امر ولائے نہی نیز
پنج حرف جازم فعلند ہر یک بیدغا۔

لفظی عمل سب کا ایک جیسا ہے۔ فعل مضارع کے پانچ صیغوں کو جزم دیتا ہے۔
اور سات صیغوں سے نون اعرابی کو گرا دیتا ہے
اور دو صیغوں کو لفظاً کچھ نہیں کہتے۔
اس لئے کہ وہ مبنی ہے۔

جن میں سے پہلا حرف لَمْ اور دوسرا حرف لَمَّا ہے
اس کا لفظی عمل یہ ہے کہ فعل مضارع کے پانچ صیغوں کو جزم دیتا ہے۔ اور سات صیغوں سے نون اعرابی کو گرا دیتا ہے۔ اور دو صیغوں کو لفظاً کچھ نہیں کہتا۔ اس لئے کہ یہ مبنی ہے۔

اور اس کا معنوی عمل یہ ہے کہ یہ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے۔ نفی فعل ماضی کیلئے

یعنی فعل مضارع کے معنی کو ماضی مطلق [ماضی منفی] کرکے منفی میں کر دیتا ہے۔

تو جب یہ دونوں فعل مضارع کے معنی کو ماضی منفی میں کر دیتا ہے۔ تو اس کے درمیان میں کیا فرق ہے۔

فرق کی تین قسمیں ہے۔

پہلا قسم یہ کہ لَمَّا استغراق نفی کیلئے آتا ہے۔

جیسے لَمَّا یَنْصُرْ زَیْدٌ۔ زید نے بالکل امداد نہیں کیا ہے

بخلاف لَمْ کے یعنی لَمْ مطلق نفی کیلئے آتا ہے۔

جیسے لَمْ یَنْصُرْ زَیْدٌ۔ زید نے امداد نہیں کیا ہے۔

دوسرا قسم یہ کہ لَمَّا کے بعد فعل کا حذف کرنا جائز ہے۔

جیسے نَصَحْتُ لِزَیْدٍ لَمَّا یہاں لَمَّا کے بعد فعل حذف ہوا ہے۔ یعنی یہ اصل میں نَصَحْتُ لِزَیْدٍ لَمَّا [illegible] ہوتا ہے۔

بخلاف لَمْ کے لَمْ کے بعد فعل کا حذف کرنا جائز نہیں ہے

تیسرا قسم یہ کہ لَمْ پر کبھی کبھی اِنْ شرطیہ داخل ہوتا ہے۔

جیسے وَاِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ الخ

بخلاف لَمَّا کے لَمَّا پر اِنْ شرطیہ داخل نہیں ہوتا ہے۔

تیسرا حرف لام امر ہے۔ لام امر امر حاضر معروف کے علاوہ اور صیغوں پر داخل ہوتا ہے۔ طلب فعل کیلئے جیسے لِيَفْعَلْ

لام امر کا لفظی عمل لَمْ جیسا ہوتا ہے۔

اور معنوی عمل یہ ہے کہ فعل مضارع استقبال کے ساتھ خاص کرتا ہے۔ اور فعل میں طلب کا معنی پیدا کرتا ہے۔

لام امر ہمیشہ مکسور ہوگا اور لام تاکید ہمیشہ مفتوح ہوگا

لام امر سے پہلے جب واؤ، فاء، ثُمَّ آجائے۔

تو اُس وقت یہ لام امر ساکن ہوگا۔

جیسے وَلْيَنْظُرْ، فَلْيَنْظُرْ، ثُمَّ لْيَنْظُرْ

لام امر جب قُلْ کے جواب میں آجائے تو اُس وقت لام امر حذف ہو جائے گا۔

جیسے

قُلْ لِعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

اصل میں لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ہوتا ہے

چوتھا حرف لائے نہی ہے۔ لائے نہی کا لفظی عمل لئے نسہ کر کے جیسا ہوتا ہے۔
اور معنوی عمل یہ ہے۔ کہ یہ طلب ترک فعل کیلئے آتا ہے۔ جیسے لَا تَضْرِبْ

پانچواں حرف اِنْ شرطیہ ہے۔
اِن شرطیہ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے۔
اور مستقبل کا معنی دیتا ہے۔ اگر چہ فعل ماضی پر کیوں داخل نہ ہو۔
پہلا جملہ سبب ہوتا ہے۔ دوسرے جملے کیلئے
یعنی پہلے جملے کو شرط اور دوسرے جملے کو جزاء کہتے ہیں۔
جیسے۔ اِنْ تَضْرِبْ، اَضْرِبْ
لفظی عمل دونوں جملوں کو جزم دیتا ہے۔
لیکن اس کیلئے چار صورتیں ہیں۔

1 اگر دونوں جملے فعل مضارع ہوں تو جزم لفظاً ہوگا۔
جیسے۔ اِنْ تَضْرِبْ، اَضْرِبْ۔

2 اگر دونوں جملے فعل ماضی ہوں تو جزم تقدیراً ہوگا۔
جیسے۔ اِنْ ضَرَبْتَ، ضَرَبْتُ

۲ اگر پہلا جملہ فعل مضارع ہو اور دوسرا جملہ فعل ماضی ہو
یا جملہ اسمیہ ہو۔ تو پہلا جملہ مجزوم لفظاً ہوگا۔ اور دوسرا جملہ
مجزوم تقدیراً ہوگا۔
جیسے۔ اِنْ تَضْرِبْ ضَرَبْتُ یا اِنْ تَضْرِبْ فَاَنَا ضَارِبٌ

۳ اگر پہلا جملہ فعل ماضی ہو۔ اور دوسرا جملہ فعل مضارع ہو
تو پہلا جملہ مجزوم تقدیراً ہوگا۔ اور دوسرے جملہ میں
دو صورتیں جائز ہے۔
جیسے۔ اِنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ یا اِنْ ضَرَبْتَ اَضْرِبُ

سمجھو کہ شرط کہ جزا پر کبھی فاء داخل ہوتا ہے۔
کبھی فاء کا داخل ہونا واجب ہوتا ہے۔ کبھی جائز
اور کبھی ممتنع یعنی ناجائز ہوتا ہے۔

واجب کی صورتیں۔
۱ اگر جزا جملہ اسمیہ ہو۔ تو اس پر فاء کا داخل کرنا
واجب ہے۔ جیسے۔ اِنْ تَاْتِنِیْ فَاَنْتَ مُکْرَمٌ
۲ اگر جزا میں طلب والا معنیٰ ہو (امر نہی یا دعا ہو)
تو اس پر فاء کا داخل کرنا واجب ہے۔
امر کی مثال۔ اِنْ رَاَیْتَ زَیْدًا فَاَکْرِمْهُ نہی کی مثال۔ اِنْ اَتَاکَ
عَمْرٌو فَلَا تُهِنْهُ۔ دعا کی مثال۔ اِنْ اَکْرَمْتَنِیْ فَجَزَاکَ اللّٰهُ خَیْرًا

۳ اگر جزا پر قد داخل ہو۔ خواہ لفظاً داخل ہو یا تقدیراً۔
تو اس پر فاء کا داخل کرنا واجب ہے۔

لفظاً کی مثال۔ اِنْ یَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ الخ

تقدیراً کی مثال۔ اِنْ کَانَ قَمِیْصُہٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَکَذَبَتْ
اصل میں (فَقَدْ کَذَبَتْ) ہوتا ہے۔

۴ اگر جزا منفی ما کے ساتھ ہو۔ اس پر فاء کا داخل کرنا
واجب ہے جیسے فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَمَا سَاَلْتُکُمْ۔

۵ اگر جزا منفی لن کے ساتھ ہو۔ تو اس پر فاء کا داخل کرنا
واجب ہے۔

جیسے وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْہُ۔

۶ اگر جزا پر سین یا سوف داخل ہو تو اس پر فاء کا داخل
کرنا واجب ہے۔

جیسے وَاِنْ خِفْتُمْ عَیْلَۃً فَسَوْفَ یُغْنِیْکُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ۔

۷ اگر جزا فعل غیر متصرف ہو تو اس پر فاء کا داخل
کرنا واجب ہے۔

جیسے اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا ھِیَ۔
مَنْ حَمَلَ عَلَیْنَا السِّلَاحَ فَلَیْسَ مِنَّا۔

دو جگہوں میں فاء کا داخل کرنا جائز ہے۔

۱۔ اگر جزا مضارع مثبت ہو تو اس پر فاء کا داخل کرنا جائز ہے
جیسے۔ اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ یا فَاَضْرِبْ

۲۔ اگر جزا مضارع منفی لا کے ساتھ ہو تو اس پر فاء کا داخل کرنا جائز ہے جیسے۔ اِنْ تَضْرِبْ لَا اَضْرِبْ یا فَلَا اَضْرِبْ

دو جگہوں میں فاء کا داخل کرنا ممتنع ہے۔

۱۔ اگر جزا ماضی مثبت ہو تو اس پر فاء کا داخل کرنا ممتنع ہے
جیسے۔ مَنْ دَخَلَهٗ كَانَ آمِنًا۔

۲۔ اگر جزا مضارع نفی جحد بلم ہو تو اس پر فاء کا داخل کرنا ممتنع یعنی ناجائز ہے۔
جیسے۔ مَنْ لَمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰہ